Text of Mid-Day Urdu News Bulletin

Time 12:30 PM

Dated: 21 July 2026

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

## Parliament

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں آج دوسرے دن کی کارروائی شروع ہوتے ہی حزب اختلاف کے ممبران نے نیٹ پیپر لیک کے معاملے پر احتجاج کیا۔

لوک سبھا میں سپیکر اوم برلا نے وقفہ سوالات شروع کیا، تاہم اپوزیشن کے ممبران نے اپنا احتجاج جاری رکھا، جس کے بعد ایوان کی کارروائی معطل کی گئی۔

راجیہ سبھا میں بھی اسی طرح کے مناظر دیکھے گئے اور صدر نشین سی پی رادھا کرشنن نے ایوان کی کارروائی کودوپہر بارہ بجے تک معطل کیا۔

## این ڈی اے

نئی دلی کے پارلیمنٹ ہاو

س میں اس وقت قومی جمہوری اتحاد این ڈی اے کی پارلیمنٹری پارٹی کی ہفتہ وار میٹنگ جاری ہے۔ منگل ملن کے نام ٔ سے موسوم یہ میٹنگ پارلیمنٹ اجلاس کے دوران ہر منگلوار کو منعقد ہوتی ہے، جس دوران این ڈی اے میں شامل جماعتیں مکمل اتحاد کا مظاہرہ کرتی ہیں۔ میٹنگ کے دوران این ڈی اے کی اتحادی جماعتیں ایک ریکارڈ عرصے تک وزیراعظم کے عہدے پر اپنے فرائض انجام دینے کیلئے نریندر مودی کے حق میں مبارکبادی کی تحریک پاس کریں گی۔

وزیراعظم نریندر مودی بھی اس میٹنگ سے خطاب کررہے ہیں۔

## نشہ مکت ابھیان

لیفٹیننٹ گورنر منو ج سنہا نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر کو منشیات کے استعمال اور کاروبار سے پاک کرنے کیلئے انتظامی سطح پر کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔اس بات کا اظہار انہوں نے ایس کے آئی سی سی سرینگر میں سو روزہ جموں وکشمیر نشہ مکت ابھیان کی اختتامی تقریب پر کیا۔انہوں نے اس مہم کے دوران غیر معمولی کارکردگی دکھانے والے افرادکی عزت افزائی کی۔

ہمارے نمائندے شیخ تجمل نے خبردی ہے کہ محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ کے اہتمام منعقدہ اس تقریب پر خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے سماجی بہبود محکمے کے کمشنر سیکریٹری سرمد حفیظ نے ابھیان کی حصولیابیوں کا تفصیلی خاکہ پیش کیا۔

## چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جمونوکشمیر میں بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنے کی پیش رفت میں وسعت لانے پر زور دیا ہے۔ سرینگر میں پروجیکٹ مانیٹرنگ گروپ افسران کے ساتھ ایک میٹنگ میں انہوں نے یوٹی سطح کے اس گروپ کے فریم ورک کا جائزہ لیا۔انہوں نے حکومتی نظام کو مستحکم کرنے اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

یاترا معطل

موسم سے متعلق محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے تناظر میں شری امرناتھ جی یاترا کو آج بھی معطل رکھا گیا ہے۔ ہمارے کولگام کے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ آج بھی کسی بھی یاتری کو جموں سے سرینگر آنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ یاترا کی بحالی کا فیصلہ موسم میں بہتری آنے کے بعد ہی لیا جائے گا۔ اس دوران بھارتی محکمہ موسمیات نے جموں و کشمیر میں آج بھاری بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

ٹی بی مکت

بانڈی پورہ ضلعے میں 25پنچایتوں کو ٹی بی مکت ہونے کا درجہ حاصل ہوا ہے۔ ان پنچایتوں نے یہ درجہ ٹی بی مکت بھارت ابھیان کی عمل آوری میں بہترین کارکردگی کے بعد حاصل کیا ہے۔

اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر اندو کنول چب کی صدارت میں بانڈی پورہ میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس دوران ان پنچایتوں کو گولڈ کیٹاگری کے ٹی بی مکت پنچایت ایوارڈ سے نوازا گیا۔

کپوارہ

کپوارہ ضلع انتظامیہ نے خراب موسمی حالات کے مدِ نظرسرحدی علاقہ کرناہ میں عوامی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کی غرض سے کئی اقدامات کئے ہیں۔ انتظامیہ حساس علاقوں میں رہائش پزیر خانہ بدوشوں کی حفاظت کیلئے ٹھوس اقدامات کررہی ہے۔

چیف انجینئر

Kashmir Power Distribution Corporation Limited ناسازگار موسمی حالات اور شدید بارشوں کی پیشگوئی کے مدنظر کے چیف انجینئر نے عوام کیلئے ایک ہدایت نامہ جاری کیاہے۔ انہوں نے فیلڈ عملے کو ہدایت دی ہے کہ وہ عوامی جان ومال کے تحفظ اور بجلی کی مناسب فراہمی کو یقینی بنائیں۔

ڈی ڈی سی کولگام

ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر کولگام شہزاد عالم نے ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں جل جیون مشن کی عمل آوری کا تفصیلی جائزہ لیا۔

انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ جل جیون مشن کے تحت جاری کاموں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

ڈی سی پلوامہ

ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے ضلع افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ یوم آزادی کی تقریب کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے تیاریاں مکمل کریں۔

ایک میٹنگ کے دوران یوم آزادی 2026کیلئے کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے تقریب کے وقارکو برقرار رکھتے ہوئے اسے پر مسرت ماحول قائم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

ویکسین

بائیوفارماسیوٹیکلز انڈیا کے تیار کردہTakeda مخالف ویکسین کو منظوری دی ہے-Dengue بھارت نے اپنے پہلے QDENGA اس ویکسین کو بازار میں دستیاب رکھے جانے کیلئے ڈرگ کنٹرولر جنرل آف انڈیا کی باضابطہ منظوری ملی ہے۔

بتایا جاتا ہے کہ یہ ویکسین 4سے 60سال تک کی عمر کے افراد میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔

حج

حج کمیٹی آف انڈیا نے حج 2027 کے لئے درخواستیں جمع کرنے اور قرعہ اندازی کی آخری تاریخ میں توسیع کرکے اسے 24 جولائی تک بڑھایا ہے۔ اس سلسلے میں جموں و کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکیٹو افسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ